**21.04.2024**
**13.50 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. کلیم احمد

**Music**

1 وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ دنیا عالمی امن کو یقینی بنانے کی خاطر بھارت کی طرف دیکھ رہی ہے۔ وزیراعظم نے آج نئی دلی میں بھگوان مہاویر کے دو ہزار پانچ سو پچاس ویں نروان مہوتسو کا افتتاح کیا۔

2 لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے انتخابی مہم میں اور تیزی آ گئی ہے، جو بدھ کے روز ختم ہوجائے گی۔

3 امتحان کے انعقاد سے متعلق ایجنسی نے JRF اور Ph D داخلے کے لیے UGC-NET کا رجسٹریشن شروع کردیا ہے۔

4 امریکی ایوان نمائندگان نے یوکرین، اسرائیل اور تائیوان کو سیکیورٹی امداد فراہم کرنے کے لیے 95 ارب ڈالر کے پیکیج کو منظوری دی ہے۔

5 اور IPL کرکٹ میں آج کولکتہ نائٹ رائڈرس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بینگلور سے جبکہ پنجاب کنگس کا گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔

Music

اب خبریں تفصیل سے............

## PM Mahaveer

وزیراعظم نریندر مودی نے آج مہاویر جینتی کے موقع پر نئی دلی میں بھگوان مہاویر کے دو ہزار پانچ سو پچاس ویں نروان مہوتسو کا افتتاح کیا۔ اِس موقع پر جناب مودی نے ایک یادگاری ڈاک ٹکٹ اور سکہ بھی جاری کیا۔

اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ بھارت دنیا میں نہ صرف سب سے قدیم تہذیب ہے، بلکہ بنی نوع انسان کے لیے محفوظ سرزمین بھی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت صرف اپنی نہیں بلکہ سبھی کی فکر کرتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت عالمی سطح پر خود اعتمادی کے ساتھ سچائی اور عدم تشدد کے منتر کو پیش کر رہا ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ عالمی محاذ آرائی اور ملکوں کے درمیان لڑائی کے تناظر میں بھارت کے تیرتھنکروں کی تعلیمات اور بھی زیادہ اہمیت اختیار کر گئی ہیں۔

انھوں نے کہا کہ آج دنیا عالمی امن کو یقینی بنانے کے لیے بھارت کی طرف دیکھ رہی ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ نئے بھارت کے اِس نئے رول کا سہرا ہماری بڑھتی ہوئی صلاحیت، خارجہ پالیسی اور اس کی ثقافتی شبیہ کو دیا جا رہا ہے۔ بھگوان مہاویر کے تیئں نوجوانوں کی لگن، پختہ عزم اور کوشش سے اس بات کو یقینی بنایا گیا ہے کہ ملک صحیح راستے پر آگے بڑھ رہا ہے۔

اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے مرکزی وزیر ارجن رام میگھوال نے کہا کہ بھگوان مہاویر کے اصول آج بھی افادیت رکھتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ’’جیو اور جینے دو‘‘ کا اصول بہت اہم اور افادیت والا ہے۔

24 ویں تیرتھنکر بھگوان مہاویر نے عدم تشدد، سچائی، پاکیزگی اور غیر وابستگی کے جین اصولوں کے ذریعے پُرامن بقائے باہم اور عالمی بھائی چارے کے راستے کو روشن کیا۔x

## Lead Campaigning

جمعہ کو پہلے مرحلے کی پولنگ کے بعد اب لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کی چناوٗ مہم میں تیزی آگئی ہے، جو بدھ کے روز ختم ہوجائے گی۔

اِس مرحلے میں کیرالہ میں لوک سبھا کی سبھی 20 سیٹوں، کرناٹک میں 14، راجستھان میں بقیہ 13 سیٹوں، اترپردیش اور مہاراشٹر میں آٹھ۔آٹھ سیٹوں، مدھیہ پردیش میں 7، آسام اور بہار میں پانچ۔پانچ، مغربی بنگال اور چھتیس گڑھ میں تین۔تین نیز تریپورہ اور جموں وکشمیر میں ایک۔ایک سیٹ کے لیے جمعہ کو پولنگ ہوگی۔x

## Bihar Campaigning

بہار میں لوک سبھا انتخابات کے دوسرے اور تیسرے مرحلے کے لیے انتخابی مہم زور و شور سے جاری ہے۔ NDA اورعظیم اتحاد کے سرکردہ لیڈر اپنے اپنے امیدواروں کی حمایت میں کئی کئی ریلیاں کر رہے ہیں۔

BJP کے سرکردہ لیڈر امت شاہ آج کٹیہار میں راجیندر اسٹیڈیم میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کرنے والے ہیں۔

بہار کے وزیراعلیٰ اور JDU کے صدر نتیش کمار پورنیا میں Pothahi سے Falka Bazar تک روڈ شو کر رہے ہیں۔اِدھر کانگریس، RJD اور وکاس شیل انسان پارٹی کے لیڈر بھی عظیم اتحاد کے امیدواروں کی حمایت میں عوامی جلسے کر رہے ہیں۔

دوسرے مرحلے میں بہار میں کشن گنج، پورنیا، کٹیہار، بانکا اور بھاگل پور، پانچ پارلیمانی حلقوں میں 26 اپریل کو پولنگ ہوگی۔x

**Kerala Polls**

کیرالہ میں لوک سبھا کی سبھی 20 سیٹوں کے لیے پولنگ ہونے میں اب جبکہ صرف چار دن رہ گئے ہیں، انتخابی مہم اپنے عروج پر ہے۔ تینوں بڑے محاذوں کے قومی لیڈر سرگرمی کے ساتھ چناؤ مہم میں شامل ہو رہے ہیں۔

مرکزی وزیر اور بی جے پی کے سرکردہ لیڈر وی۔کے۔سنگھ آج کیرالہ میں مَلّاپورم کے مقام پر NDA کے لیے انتخابی مہم میں شامل ہو رہے ہیں۔

تروانتھا پورم میں LDF کے لیے CPIM کے قومی جنرل سکریٹری سیتا رام یچوری جبکہ کاسر گوڈ میں ریاست کے وزیراعلیٰ Pinarayai Vijayan انتخابی مہم میں شرکت کر رہے ہیں۔

اِدھر کانگریس کی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے کل ریاست میں UDF کے لیے انتخابی مہم میں حصہ لیا۔ چناؤ مہم بدھ کی شام ختم ہوجائے گی۔

کیرالہ میں لوک سبھا انتخابات کے لیے تیاریاں آخری مراحل میں ہیں۔ وہاں جمعے کو پولنگ ہوگی۔x

**Break**

یہ خبریں آکاشوانی سے نشر کی جا رہی ہیں۔

**Gong**

**UGC Net-Registration**

امتحان کا انعقاد کرنے والی قومی ایجنسی NTA نے یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے اہلیت سے متعلق قومی امتحان UGC NET کیلئے رجسٹریشن کا عمل شروع کردیا ہے۔ یہ امتحان اس سال جون میں کرایا جائے گا۔

خواہشمند امیدوار متعلقہ ویب سائٹ پر دستیاب لنک کے ذریعے UGC NET کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔ رجسٹریشن کا عمل 10 مئی تک جاری رہے گا۔ UGC کے اطلاع نامے کے مطابق اہل امیدواروں کو جونیئر ریسرچ فیلو شپ نیز اسسٹنٹ پروفیسر کے طور پر تقرری اور 83 مضامین میں Ph-D میں داخلے کیلئے امتحان کا انعقاد اِس سال 16 جون کو کیا جائے گا۔ امیدواروں کو صرف ایک درخواست دینے کی اجازت ہے۔ x

**Prez Civil Services Day**

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدرجمہوریہ جگدیپ دھنکڑ نے آج سول سروسز کے دن کے موقع پرملک بھر کے تمام سول سروینٹس کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدرجمہوریہ نے ثابت قدمی کے جذبے کے ساتھ ملک کی ترقی کے لئے کام کرنے کی عظیم روایت کو آگے بڑھانے پرسول سروینٹس کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ سول سروسز کومتحرک ماحول کو فوری طورپراختیار کرنے کے چیلنج کا ہمیشہ سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس کے علاوہ سول

سروینٹس کو اپنے اعلیٰ وقار ، عزت نفس، ایمانداری اور بدعنوانی سے پاک تین بنیادی اقدارکو سربلند رکھنا چاہیئے۔ جن کا سردارپٹیل نے1947 آج ہی کے دن اپنی تقریرمیں نمایاں طور پر ذکرکیا تھا۔اسی دوران نائب صدرجمہوریہ جگدیپ دھنکڑ نے کہا کہ ملک کے حکمرانی سے متعلق ڈھانچے کی ریڑھ کی ہڈی کے طور پر ، سول سروینٹس نے ملک کی ترقی اور پیش رفت میں گرانقدر تعاون کیا ہے۔

انہوں نے تمام سول سروینٹس کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی کہ وہ 2047 تک ایک وکست بھارت تعمیرکرنے کے لئے خود کو ملک کے لئے پوری لگن کے ساتھ کام کرتے رہیں گے۔x

## US Aid

امریکہ کے ایوان نمائندگان نے کل یوکرین، اسرائیل اور تائیوان کو سکیورٹی سے متعلق امداد فراہم کرنے کیلئے 95 ارب ڈالر کے پیکیج کو منظوری دی ہے۔

توقع ہے کہ آئندہ ہفتے یہ بل منظوری کیلئے سینیٹ میں پیش کیا جائے گا۔ صدر جو بائیڈن نے وعدہ کیا ہے کہ جیسے ہی یہ پیکیج ان کے پاس آئے گا وہ اس پر دستخط کردیں گے۔

اس بل کے تحت یوکرین کو 60 اعشاریہ آٹھ چار ارب ڈالر فراہم کیے جائیں گے، جس میں 23 ارب ڈالر امریکی ہتھیاروں، اسٹاک اور سہولیات کی مد میں ہیں۔ 26 ارب ڈالر اسرائیل کیلئے ہیں، جس میں غزہ کیلئے انسانی بنیاد پر فراہم کی جانے والی امداد کیلئے 19 اعشاریہ ایک ارب ڈالر شامل ہیں اور آٹھ اعشاریہ ایک دو ارب ڈالر تائیوان سمیت بھارت-بحرالکاہل خطے کیلئے ہیں۔x

## Blinken's Visit

امریکی وزیر خارجہ انٹنی بلنکن اِس مہینے کی 24 تاریخ سے چین کے تین دن کے دورے پر جائیں گے۔ امریکی محکمۂ خارجہ کے مطابق وہ مختلف دو طرفہ اور عالمی معاملات پر چین کے عہدیداروں کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ اِن میں مغربی ایشیا کا بحران، روس-یوکرین لڑائی اور جنوبی چین کے سمندر کا معاملہ شامل ہے۔

اِس کے علاوہ منشیات سے نمٹنے، فوج سے فوج کے رابطوں کومستحکم بنانے، آرٹیفیشیل انٹیلی جینٹس کے خطرات کے بارے میں بات چیت اور عوام سے عوام کے رابطوں کومستحکم بنانے کے طور طریقے تلاش کرنے پر بھی تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

اُدھر چین کی وزارت خارجہ نے امریکہ کے وزیر خارجہ کے چین کے دورے کا خیر مقدم کیا ہے۔ عالمی تجارت، علاقائی محاذ آرائی اور روس - یوکرین لڑائی کے معاملے پر امریکہ اور چین کے درمیان کشیدگی کے حالات رہے ہیں۔x

## Maldives Election

مالدیپ کی پارلیمنٹ، People's Majlis کے لئے آج ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔
اس چوتھے کثیر جماعتی پارلیمانی انتخابات میں، مالدیپ میں 93 پارلیمانی حلقوں کیلئے 368 امیدواروں میں سے نمائندگان کا انتخاب کیا جائے گا۔ یہاں دو لاکھ آٹھ ہزار سے زیادہ رائے دہندگان 602 پولنگ مراکز پر اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کریں گے۔ ان میں بیرون ملک قائم تین پولنگ اسٹیشن بھی شامل ہیں۔ان انتخابات کو موجودہ صدر ڈاکٹر محمد Muizzu کی پارٹی کیلئے ایک اہم آزمائش کے طورپر دیکھا جارہا ہے، جو اپنی پالیسیوں کی وجہ سے اپوزیشن کے نشانے پر ہے۔ xx

## Sudan Fight

اقوام متحدہ کے سیاسی امور کے سربراہ نے کہا ہے کہ سوڈان میں اقتدار کیلئے کوشاں حریف جنرلوں کے درمیان سال بھر سے جاری جنگ سے شدید بحران پیدا ہو گیا ہے اور غیرملکی حامیوں کی طرف سے ہتھیار فراہم کئے جانے کی وجہ سے یہ بحران اور بھی بڑھ گیا ہے۔ اس طرح کے عناصر لڑائی ختم کرنے کے مقصد سے نافذ کی گئی اقوام متحدہ پابندیوں کی مسلسل خلاف ورزی بھی کررہے ہیں۔
سیاسی امور کی اَنڈر سکریٹری جنرل Rosemary DiCarlo نے سلامتی کونسل سے کہا کہ یہ بحران غیر قانونی ، غیر اخلاقی ہے اور یہ ختم ہونا چاہیئے۔
سوڈان سے متعلق افریقی یونین پینل کے سربراہ اور افریقہ میں اس کی Silence The Guns پہل کے اعلیٰ نمائندہ محمد ابن Chambas نے کہا ہے کہ بیرونی مداخلت سے جنگ بندی کیلئے بات چیت کی کوششوں کو نقصان پہنچا ہے۔ نہ تو Dicarlo اور نہ ہی Chambas نے کسی بھی غیر ملکی حامی کا نام لیا۔ x

## US Niger

ایک امریکی عہدیدار نے کہا ہے کہ امریکہ، نائیجر سے اپنی فوجیں نکالنے کا منصوبہ شروع کرے گا۔ منصوبہ بند روانگی اس وقت ہوئی، جب امریکی حکام نے کہا کہ وہ ایک نیا فوجی معاہدہ کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ امریکی محکمۂ خارجہ نے ایک خبر رساں ایجنسی کو بتایا کہ برسرِ اقتدار فوجی Junta کی جانب سے مقرر کئے گئے نائیجر کے وزیر اعظم Ali Lamine Zeine اور امریکی نائب وزیر خارجہ Kurt Campbell نے جمعہ کو اس بات پر اتفاق کیا کہ دونوں ملک، امریکی عہدیدار کی واپسی کے منصوبے کی شروعات کریں گے۔ امریکی حکام نے کہا کہ فوج کی واپسی کے لئے کوئی طے شدہ مدت نہیں ہے ۔ اس کے علاوہ ، آئندہ پیش رفت کیلئے آنے والے دنوں میں مذاکرات شروع کئے جائیں گے ۔ افریقہ کے Sahel خطے میں امریکی فوجی آپریشن میں نائیجر اہم رول ادا کررہا ہے۔ x

## IPL Cricket

آئی پی ایل کرکٹ میں، آج دو میچ کھیلے جائیں گے۔ پہلے میچ میں کولکاتہ کے ایڈن گارڈن میں کولکاتہ نائٹ رائیڈرس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بنگلورو سے ہوگا۔ یہ میچ سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔ دوسرے میچ میں مہاراجہ Yadavindra سنگھ بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم Mullanpur، چنڈی گڑھ میں پنجاب کنگس کا سامنا گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

کل رات دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں سن رائزرس حیدرآباد نے دلّی کیپٹلز کو 67 رن سے ہرادیا۔ جیت کیلئے 267 رن کے ہدف کے لئے کھیلتے ہوئے دلّی کیپٹلز کی پوری ٹیم 19 اوورس اور ایک گیند میں 199 رن بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ x

دلّی کی طرف سے Jake Fraser-Mcgurk نے 18 گیندوں میں شاندار 65 رن بنائے۔ حیدرآباد کی جانب سے ٹی نٹراجن نے چاروکٹ حاصل کیے۔

اِس سے پہلے دلّی کیپٹلز نے ٹاس جیتا اور پہلے گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ سن رائزرس حیدرآباد نے مقررہ 20 اوورس میں 7 وکٹ پر 266 رن بنائے۔ سلامی بلے باز ٹریوس ہیڈ اور ابھیشک شرما نے ٹی-ٹوینٹی کی تاریخ میں پاور پلے کے دوران اب تک کا سب سے زیادہ رن بنائے۔

دونوں بلے بازوں نے پہلے چھ اوورس میں 125 رن کا اسکور کیا۔ ٹریوس ہیڈ نے 32 گیندوں میں 89 رن جبکہ ابھیشیک شرما نے 12 گیندوں میں 46 رن بنائے۔ ٹریوس ہیڈ کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

پوائنٹس ٹیبل میں فی الحال سن رائزرس حیدرآباد دوسرے مقام پر جبکہ دلّی کیپٹلز ساتویں مقام پر ہے۔ x

## Rowing Olympic Quota

جنوبی کوریا کے شہر Chungju میں عالمی ایشیائی اوشنیائی اولمپک اور پیرالمپک کوالیفکیشن مقابلوں میں مردوں کے سنگلز Scull مقابلے میں بلراج Panwar نے تیسری پوزیشن حاصل کرکے کشتی رانی میں بھارت کے لیے پہلا پیرس اولمپک کوٹا حاصل کیا ہے۔ بھارتی فوج کے 25سالہ Rowing کھلاڑی بلراج نے 7 منٹ ایک اعشاریہ دو سات سیکنڈ میں دو ہزار میٹر کی دوڑ مکمل کرکے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

مردوں کے سنگلز Scull مقابلوں میں چوٹی کے پانچ کھلاڑی اولمپک کے لیے کوالیفائی کریں گے۔x

☆☆☆☆☆